زیارات اولیائے پاکستان (تصویری البم)

زیارات و تبرکاتِ غوثیہ

خاکپائے اولیاء عظام
افتخار احمد حافظ قادری

212 رنگین تصاویر کی نادر البم

گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا

ناقصاں را پیر کامل کاملاں را راہنما

نام کتاب	بلدُ الاولیاء، زیاراتِ اولیائے پاکستان
	(تصاویر کے آئینے میں)
مرتب	افتخار احمد حافظ قادری
تاریخ اشاعت	ربیع الاول شریف 1423ھ
	جون 2002ء
تعداد اشاعت	آٹھ صد (800)
گرافک ڈیزائننگ	عاطف اقبال
ہدیہ	250/- روپے
رابطہ	999/A-6، گلی نمبر 9،
	افشاں کالونی، راولپنڈی کینٹ۔

بلد الاولیاء

تصاویر کے آئینے میں

باجازت

السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی

(المدینہ المنورہ)

ترتیب وتقدیم

افتخار احمد حافظ قادری

(2002ء)

اللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَآلِہٖ

نسیما جانب بطحاء گذر کن
ز احوالم محمد ﷺ را خبر کن

توئی سلطان عالم یا محمد ﷺ
ز روئے لطف سوئے من نظر کن

فہرست

سرزمین انبیاء و اولیاء (عراق شریف) کی تصویری البم پیش کرنے کے بعد اللہ تبارک وتعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم اور اولیائے پاکستان کے فیض و برکات اور تصرف سے اس ناچیز کو "زیارات اولیائے پاکستان و تبرکات غوثیہ" کی تصویری البم ربیع الاول شریف کے مبارک مہینے میں پیش کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ پچھلے سال اسی مبارک ماہ میں سرکار مدینہ ﷺ کی خدمت اقدس میں ایک تحفہ بنام "دیار حبیب ﷺ" پیش کرنے کا شرف حاصل ہوا اور اب اولیائے پاکستان کی خدمت میں ایک تصویری البم پیش کرنے کا اعزاز حاصل ہو رہا ہے۔ بے شک یہ انہی کا کرم ہے ورنہ یہ ناچیز تو کچھ بھی نہیں۔ کیونکہ

میرا کارنامہ ہے بے حد سیاہ
مگر ان ﷺ کی رحمت بڑی چیز ہے
بنا دیتی ہے خاک کو کیمیا
بزرگوں کی صحبت بڑی چیز ہے

البم مذکورہ میں سوات سے ملتان تک ان اولیائے عظام کے مزارات مبارکہ کی تصاویر ہیں جہاں پر اس ناچیز نے خود حاضری کا شرف حاصل کرنے کے ساتھ ان مقامات کی تصاویر بھی تیار کیں (سوائے دو تصاویر مورتی زئی شریف کے) اللہ تبارک و تعالیٰ کو منظور ہوا اور دینی و دنیاوی اسباب و وسائل اگر مہیا ہوتے رہے تو پھر انشاء اللہ ملتان سے آگے اور یہ سفر جاری رہے گا۔ آپ حضرات سے دعاؤں کی بھی درخواست ہے۔

کتاب میں پر حضور غوث پاکؓ کے تبرکات مبارک کی بھی تصاویر ہیں جن کی زیارت کا خصوصی طور پر اس ناچیز کا شرف حاصل ہوا۔ اس شرف عظیم پر میں دو شخصیات کا انتہائی مشکور و ممنون ہوں۔ سب سے پہلے سجادہ نشین درگاہ عالیہ سدرہ شریف (ڈیرہ اسمٰعیل خان) شہزادہ غوث الوریٰ سید محمد انور گیلانی رزاقی قادری کا، کہ جنہوں نے خصوصی طور پر اس عاجز و ناچیز کو تبرکات غوثیہ کی زیارت کروائی۔ دوسری شخصیت دیوان حضوری (ساہیوال) میں صاحبزادہ مبارک علی شاہ کہ جنہوں نے خصوصی طور پر اس ناچیز کو تبرکات غوثیہ کی زیارت کا انتظام کروایا۔ اس کے علاوہ اس خوبصورت اور نادر البم کی تکمیل کیلئے جن احباب کی پُر خلوص دعائیں، راہنمائی اور معنوی تعاون اس ناچیز کے ساتھ رہا ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ بالخصوص حاجی عبدالغفار، امتیاز احمد گوندل، محمد سرور شفقت، سلطان ارشد القادری، حاجی اسرار احمد، محمد شریف، طارق سلطانپوری اور ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی میرے خصوصی شکریہ کے مستحق ہیں۔ حکیم میاں محمد حنیف کا بھی تہہ دل سے شکرگزار ہوں کہ جنہوں نے گولڑہ شریف کی چند نادر تصاویر اس البم کیلئے عنایت فرمائیں۔

آخر میں آپ حضرات بھی میرے ساتھ اس دعا میں شامل ہو کر آمین کہیں کہ یا اللہ العالمین میری اس قلیل سی کوشش کو اپنی بارگاہ میں کثیر فرما کر اسے ہمارے لئے بخشش و مغفرت کا بہانہ بنا دے۔ اور اس ناچیز کے تمام دینی و دنیاوی و اخروی معاملات میں تو خود ہی اس کا حامی و ناصر ہو جا۔ آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے خدا قربان احسانت شوم
کن احسانے قربانت شوم

بروز جمعۃ المبارک بعد از نماز مغرب
۱۲ ربیع الاول شریف ۱۴۲۳ھ
۲۴ مئی ۲۰۰۲ء

الفقیر الی اللہ ورسولہ
وفا کیا سے اولیائے عظام
ابو حسین افتخار احمد بن حافظ فقیر محمد

فہرست تصاویر

نام	تعداد تصاویر	صفحہ نمبر
اولیائے سوات	2	10
اولیائے پشاور	6	13-11
اولیائے ڈیرہ/ اٹک/ کوہاٹ/ نوشہرہ	10	17-14
اولیائے مانسہرہ و ایبٹ آباد	2	18
اولیائے ہری پور	6	21-19
اولیائے کھڑی شریف	4	23-22
اسلام آباد	2	24
اولیائے گولڑہ شریف	16	30-25
اولیائے اٹک	13	36-31
اولیائے راولپنڈی	22	46-37
اولیائے گوجر خان	7	49-47
اولیائے منڈی بہاؤالدین	12	55-50
اولیائے جہلم/ اٹک/ کوہاٹ/ نوشہرہ	14	61-56
اولیائے سرگودھا	14	68-62
اولیائے گجرات	20	78-69
اولیائے شرقپور شریف	2	79
اولیائے لاہور	21	89-80
اولیائے قصور	2	90
اولیائے پاکپتن شریف	10	93-91
اولیائے فیصل آباد	4	95-94
اولیائے جھنگ	2	96
اولیائے ملتان	14	103-97
فرنٹ و بیک ٹائٹل	7	
کل تصاویر	212	

تاثرات

نحمدہٗ و نصلّی و نسلّم علی رسولہ الکریم الامین وعلی آلہٖ و عترتہٖ و اصحابہٖ اجمعین

والعدا میرے لئے یہ باعث مسرت ہے کہ عزیز القدر افتخار احمد حافظ قادری کی کتاب "بلغۃ الاولیاء" کے حوالے سے اپنے تاثرات کا اظہار کروں۔ جناب افتخار قادری بڑے خوش قسمت ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں محبوب رسول ﷺ کی نعت عشق حقیقی اور اولیاء و صالحین سے حسن عقیدت سے مالا مال کیا۔ بالخصوص غوث صمدانی محبوب ربانی سید نا شیخ عبدالقادر گیلانی الحسنی والحسینی قدس اللہ سرہ سے بے پناہ عقیدت رکھتے ہیں۔ انہوں نے اپنے قلم کو ان برگزیدہ ہستیوں کے ذکر خیر کیلئے وقف کر دیا ہے۔ فیضان غوث الاعظم پر آپ کی تالیفات علوم و معارف اولیاء پر تحقیق کی اعلیٰ مثال ہے۔ اللہ رب العزت ان کے اس پاکیزہ جذبہ کو اور قوت بخشے۔

شیخ سید صباح احمد ابراہیم الحسینی سجادہ نشین درگاہ امام قاضی ابو یوسفؒ (بغداد) کے ذریعے جناب افتخار احمد حافظ قادری کے بارے میں معلومات ملیں۔ جناب سید صاحب نے جیسے ان کے اوصاف گنوائے ہم نے انہیں ان صفات سے متصف پایا۔ اللہ تعالیٰ اولیائے کرام کی تعلیمات کے فروغ میں ان کی مساعی کو قبول فرمائے۔ اولیاء و صالحین کے مقابر و مزارات کی نشاندہی کر کے ان حضرات سے اکتساب فیض کے جذبہ کو ابھارا۔ مزارات اولیائے پاکستان کو تصاویر میں محفوظ کرنے کی یہ ایک انتہائی اعلیٰ کوشش ہے۔ پاکستان کے طول و عرض میں حضرات اولیائے کرام کے یہ مقامات روحانی اطمینان و سکون کا مرکز ہیں۔ ایک بار پھر میں دعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت حافظ صاحب کے اس کار خیر کا اجر عطا فرمائے اور ان کی تالیفات کے ذریعے مخلوق خدا کو افادہ روحانی ہو۔ آمین!

سید محمد انور گیلانی رزاقی قادری

سجادہ نشین آستانہ عالیہ گیلانیہ سید روڈ شریف

ڈیرہ اسماعیل خان

۵ ربیع الاول شریف ۱۴۲۳ھ

بونیر میں حضرت سید علی ترمذی المعروف پیر بابا کا مزار مبارک

حضرت دیوانہ بابا کا مزار مبارک

اولیائے پشاور

مزارِ پُر انوار حضرت سید حسن پشاوریؒ (م 1115ھ) اور مرقد محترم شاہ محمد غوث قادری لاہوریؒ

مزارِ مبارک حضرت عبد الغفور نقشبندیؒ (م 1116ھ)

اکبر پورہ میں حضرت اخوند پنجو بابا چشتیؒ کا مزار مبارک

مزار مبارک صوفی عبدالرحمٰن باباؒ (م1118ھ)

بیرون یکہ توت میں سید عفیف الدین حسین الگیلانی الحمویؒ کا مزار مبارک

موسیٰ زئی شریف میں حضرت خواجہ دوست محمد قندھاریؒ کا مزار مبارک

وائی داماں حضرت خواجہ محمد عثمان دامانی نقشبندیؒ کا مزار مبارک

سدرہ شریف میں سید عبداللہ المعروف سید بادشاہ الجیلانیؒ
کا انتہائی خوبصورت وپُر کیف مزار مبارک

سدرہ شریف میں تبرکات غوثیہ
سرکار غوث اعظمؒ کا جبہ مبارک
سرکار غوث اعظمؒ کے گلے مبارک کا رومال
سرکار غوث اعظمؒ کی دستار مبارک
سیدنا عبدالرزاق الگیلانیؒ کا کلاہ مبارک

سید محمد انور گیلانی افتخار احمد قادری کو غوث پاک ؒ کے جبہ مبارک کی زیارت کروا رہے ہیں۔

مرتب کتاب ہذا نے حضور شہنشاہ بغداد کے رومال مبارک کو اٹھانے کا شرف حاصل کیا۔

بانگل شریف (مانسہرہ) میں حضرت گل محمدؒ کا مزار مبارک

منڈیاں (ایبٹ آباد) میں حضرت باجی سرکارؒ کا مزار مبارک

چھوہر شریف میں حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہرویؒ کا مزار مبارک (م 1342ھ)

خانقاہ صدریہ کی مسجد کا انتہائی خوبصورت محراب و منبر

مزار مبارک قاضی صدرالدینؒ

تکیہ شریف میں حضرت خواجہ محمد افضل قادریؒ کا مزار مبارک

اولیائے کھڑی شریف

مزار مبارک حضرت پیرے شاہ غازی المعروف دمڑی والی سرکارؒ

مُرشد معنوی حضرت میاں محمد بخشؒ

مزار مبارک عارف کھڑی حضرت میاں محمد بخشؒ

شالا میں بھی اس دربار وں فائز ہواں شوقوں

مزار مبارک حضرت شاہ عبداللطیف المعروف حضرت امام بریؒ

حضرت حی حیات المیر نے آپ کو "امام بر" کے لقب سے نوازا

مزار مبارک حضرت پیر سید فضل دین المعروف بڑے پیر صاحبؒ

اعلیٰ حضرت پیر مہر علی شاہؒ سلسلہ قادریہ
میں انہی سے بیعت ہوئے

مرتب کتاب ہذا کے جد امجد حضرت گل محمدؒ
بڑے پیر صاحب کے قدموں میں آرام فرما ہیں۔

مزار مبارک حضرت پیر نذر دین شاہؒ والدِ گرامی حضرت پیر مہر علی شاہؒ

حضرت پیر مہر علی شاہؒ اور آپؒ کے فرزندِ ارجمند حضرت بابوجیؒ کے مزاراتِ مبارک

مطلقاً غیر خدا در دو جہان چیزی نیست
بے نشان است ازو نام و نشان چیزی نیست

تبرکات مبارکہ اعلیٰ حضرت قبلہ پیر مہر علی شاہؒ

حضرت قبلہ غلام محی الدین المعروف بابو جیؒ

تبرکاتِ حضرت قبلہ بابو جیؒ

چہ خجستہ این کہ در یکدم زشت را صد نظر بینم
محزوم آرزو باشد کہ یک بار دگر بینم

سرکار غوث اعظم نظر کرم خدارا
میرا خالی کاسہ بھر دے اے سخی تیرا دوارہ

مرتب کتاب ہذا کی والدہ ماجدہ، پھوپھی صاحب، والد محترم

حضرت حافظ فقیر محمدؒ
مرتب کتاب ہذا کے والد محترم

حضرت مولانا عبدالرحمٰن طاہر سورتیؒ
عظیم محقق و مرتب کتاب کے استاد محترم

اٹک خورد میں حضرت شیخ سخی المعروف حضرت نمی بابا اٹکی ؒ کا مزار مبارک

مکھڈ شریف میں حضرت مولانا محمد علی مکھڈی ؒ کا مزار مبارک

ڈھان شریف میں حضرت فقیر محمد دین ہاشمیؒ کا مزار مبارک (1910ء)

مزارات مبارکہ حضرت محمد نبی ہاشمیؒ (1928ء) و حضرت محمد مشتاق ہاشمیؒ (1990ء)

خواجہ نگر (حسن ابدال) میں حضرت خواجہ رحم الدین چشتی قادریؒ کا مزار مبارک

بانسر شریف میں سائیں رستم بابا المعروف سائیں گلو بابا و سید نوازش علی شاہ کے مزارات مبارک

چورہ شریف میں مزارِ پُر انوار حضرت بابا فقیر محمد چوراہیؒ

فتح جنگ میں بابا سائیں نور خان مجذوبؒ کا مزار مبارک

ریلوے [illegible] کینٹ کے قریب حضرت بابا معصوم شاہ کا مزار مبارک

مری روڈ کے قریب حضرت سید حسن شاہ بخاری کا مزار مبارک

محلہ شاہ چن چراغ میں حضرت سید نقی شاہ چن چراغ شہید ؒ کا مزار مبارک

نالہ لئی شاہاں میں حضرت سید نقی شاہ جہان محمد بادشاہؒ کا مزار مبارک

کمال آباد کے قریب حضرت سید گوہر علی شاہ المعروف "بابا گوہراں والے" کا مزار مبارک

عیدگاہ شریف میں حضرت حافظ عبدالکریم المعروف باباجیؒ کا مزار مبارک

میرا شریف (کلر سیداں) میں سید فضل حسین شاہ بخاری کا مزار مبارک

حضرت قاضی غلام محی الدین قادری و قاضی احمد دین چشتی کے مزارات مبارک

حضرت قاضی محمد حسن قادری کا مزار مبارک

بھنگالی شریف میں پیر سید امام علی شاہ، پیر سید عبداللہ اور
پیر سید محبت حسین شاہ کے مزارات مبارکہ

بابا فضل الدین کلیامی کے مرشد خواجہ حافظ محمد شریف چشتی صابری کا مزار مبارک

کلیام شریف میں حضرت بابا فضل الدین کلیامی کے مزار مبارک کا خوبصورت گنبد

مزارِ پُرانوار حضرت بابا فضل الدین گیلانیؒ (م 1892ء)

مزارِ مبارک سائیں محمد حسینؒ ٹھوری والے

پالکی شریف

پاپوش کلاہ مبارک

دربار سخی آھو باھو

اس علاقے کے چند مسلمانوں کا ایک گروہ انبیاء کرام کی زیارتوں پر موصل و بصرہ سے ہوتا ہوا سیدنا غوث الاعظم کی خدمت میں بغداد حاضر ہوا اور بتایا کہ ہندو مرہٹے تنگ کرتے ہیں اور اسلامی عقائد و تعلیمات میں رکاوٹ ڈالتے ہیں۔ تو حضور غوث پاک کے صاحبزادے سیدنا عبدالرزاق جیلانی کے دو شہزادے سیدنا یعقوب اور سیدنا اسحٰق سینکڑوں علماء، صوفیاء، مبلغین اور مجاہدین کے ساتھ یہاں تشریف لائے۔ مسلمانوں کو قوت پہنچائی اور ساتھ آئے ہوئے بزرگوں بابا روڈیاں والی سرکار اور شاہ ولایت میراں کے مشوروں کے ساتھ تبلیغ و اصلاح کرنے لگے۔ ہندو مرہٹوں نے جب حملہ کیا تو ان کو شکست دی۔ کلر کہار میں بھی جب ہارے ہوئے دشمن نے بڑا حملہ کیا تو پسپا ہو کر بھاگا۔ اس موقع پر بیچ جنگولا کے میدان میں دونوں شہزادے شہید ہو گئے تو اس جنت مقام پر ان کو دفن کیا گیا جہاں آٹھ سو سال سے بڑے بڑے اولیاء، صالحین، بادشاہ، فقیر سب عقیدتمندی کے ساتھ حاضری کیلئے آتے ہیں۔ کیونکہ اللہ کی راہ میں شہید ہونے والے ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔

اس علاقے کے چند مسلمانوں کا ایک گروہ انبیاء کرام کی زیارتوں پر موصل و بصرہ سے ہوتا ہوا سیدنا غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں بغداد حاضر ہوا اور بتایا کہ ہندو مرہٹے تنگ کرتے ہیں اور اسلامی عقائد و تعلیمات میں رکاوٹ ڈالتے ہیں ۔ تو حضور غوث پاک کے صاحبزادے سیدنا عبدالرزاق جیلانی کے دو شہزادے سیدنا یعقوب اور سیدنا اسحٰق سینکڑوں علماء، صوفیاء، مبلغین اور مجاہدین کے ساتھ یہاں تشریف لائے ۔ مسلمانوں کو قوت پہنچائی اور ساتھ آئے ہوئے بزرگوں بابا روڈیاں والی سرکار اور شاہ ولایت میراں کے مشوروں کے ساتھ تبلیغ و اصلاح کرنے لگے ۔ ہندو مرہٹوں نے جب حملہ کیا تو ان کو شکست دی ۔ کلر کہار میں بھی جب ہارے ہوئے دشمن نے بڑا حملہ کیا تو پسپا ہو کر بھاگا ۔ اس موقع پر بیچ جنگولا کے میدان میں دونوں شہزادے شہید ہو گئے تو اس جنت مقام پر ان کو دفن کیا گیا جہاں آٹھ سو سال سے بڑے بڑے اولیاء، صالحین، بادشاہ، فقیر سب عقیدتمندی کے ساتھ حاضری کے لیے آتے ہیں کیونکہ اللہ کی راہ میں شہید ہونے والے ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔

بابا جی وزیر محمد رحمۃ اللہ علیہ وصال ۱۹۱۹ء
ترتیب: عبدالکریم قمر لاہور والے ۱۹۶۰ء

اولیائے کلر کہار

اس مقام پر غوث اعظم سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے دو شہزادے آرام فرما ہیں۔

مزارات مقدسہ شہیدان 566 المعروف موروں والی سرکار دربار تخی آہو باہو

چشمہ حضرت بابا فرید الدین گنج شکر

رنمل شریف میں حضرت حاجی محمد نوشہ گنج بخشؒ کا مزار مبارک

سلسلہ نوشاہیہ کے بانی حضرت نوشہ گنج بخش کی بارگاہ
میں مرتب کتاب ہذا چادر کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں

ساہن پال شریف میں سید شریف احمد شرافت نوشاہیؒ کا مزار مبارک

افتخار احمد حافظ قادری ختم شریف کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں

ماگنٹ شریف میں حضرت خواجہ محمد سلیمانؒ اور خواجہ محمد یوسفؒ کے روضہ مبارک کا بیرونی منظر

ماگنٹ شریف میں حضرت مولانا محمد سعید سلیمانیؒ کا مزار مبارک

سیداشریف میں حضرت خواجہ شاہ محبوب عالمؒ کا مزار مبارک

مرد جب کہ اٹھ گیا ہاتف نے آوازہ دیا
جا ملے مولا سے اپنے آہ محبوب جہاں

بھکھی شریف میں حافظ الحدیث سید محمد جلال الدین شاہؒ کا مزار مبارک

سوہاوہ کے مقام پر سلطان شہاب الدین غوریؒ کا مزار مبارک

دیوان حضوریؒ (شدھور) میں حضرت سید محمد عبداللہ شاہ قادریؒ کا مزار مبارک

مرتب کتاب ہذا حضرت دیوان حضوریؒ کی بارگاہ میں چادر کا نذرانہ پیش کرنے کے بعد صاحبزادہ مبارک علی شاہ کے ہمراہ ہدیہ سلام پیش کر رہے ہیں۔

حضور غوثِ پاکؓ کا پیالہ مبارک

حضور غوثِ پاکؓ کا عصا مبارک

حضور غوثِ پاکؓ کا لکڑی کا چمچ

دیوان حضوری میں تبرکاتِ غوثیہ

حضور غوث پاکؓ کی مسواک مبارک

آپؓ کی سرمہ دانی

آپؓ کی کنگھی

جلالپور شریف میں پیر سید غلام حیدر علی شاہؒ کا مزار مبارک

آپؒ کا شمار حضرت خواجہ شمس الدین سیالویؒ کے محبوب ترین خلفاء میں ہوتا ہے۔

بستی مخدومیہ میں حضرت محمد عبدالمجید احمد قادری خضریؒ کا مزارِ پُرانوار

بھلوال میں حضرت سخی شاہ سلیمان نوری حضوریؒ کا مزار مبارک

آپؒ سلسلہ نوشاہیہ کے بانی حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے مرشد پاک بھی ہیں۔

سیال شریف میں شمس العارفین حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی کا مزارِ پُر انوار

آپؒ کا شمار سلسلہ چشتیہ کے شہرۂ آفاق مشائخ میں ہوتا ہے

سیال شریف میں ثانی لا ثانی حضرت خواجہ محمد دینؒ کا مزار مبارک

مزارات مبارک حضرت مولانا محمد ضیاء الدین سیالوی حضرت خواجہ قمر الدین سیالویؒ

مرولہ شریف میں حضرت خواجہ معظم الدین مرولویؒ کا مزار مبارک

آپ نے ہی حضرت پیر سیال لجپالؒ کی نماز جنازہ پڑھائی تھی۔

بھیرہ شریف میں امیر السالکین حضرت پیر امیر شاہؒ کا مزار مبارک

حضرت پیر محمد شاہؒ حضرت پیر امیر شاہؒ پیر کرم شاہ الازہریؒ

چاچڑ شریف میں حضرت خواجہ فضل الدینؒ کا روضہ مبارک

آپؒ کا شمار بھی حضرت خواجہ شمس الدین سیالویؒ کے اولین خلفاء میں ہوتا ہے

کلس شریف میں دربارِ عالیہ صابریہ

بڈھیلہ شریف میں حضرت قریلہ بن آدم کا 210 فٹ (70 گز) طویل مزار مبارک

چک کمالہ کے قریب ڈوبہ کے مقام پر حضرت نعما طوبی کا 22 گز طویل مزار مبارک

مزار مبارک حکیم مولوی محمد حفیظ اللہ

مزار مبارک حضرت سائیں کرم الٰہی گجراتی المعروف کانوانوالی سرکار

مزار مبارک حضرت سید کبیر الدین المعروف شاہ دولہؒ

مزار مبارک حضرت قاضی محبوب عالمؒ برادر زادہ حضرت قاضی سلطان محمود اعوانؒ

گھیانہ (کھاریاں) میں صاحب کشف قبور حضرت حافظ شمس الدین گھیانوی کا مزار مبارک

کشف قبور کے ذریعے آپ نے ہی تمام مقدس مزارات کی نشاندہی فرمائی

کڑیانوالہ کے قریب جنیدؒ شریف میں
گوہرِ اسرارِ لاتناہی حضرت خواجہ محمد گوہر الدین احمدؒ کا مزار مبارک

نوشہرہ وسیانہ میں پیر محمد سچیار پاک نوشاہی قادری کا مزار پر انوار (م 1120ھ)

آپ نے اپنے فرمان کے مطابق بعد از وصال تین مرتبہ زیارت کا شرف بخشا
پہلی بار 1249ھ دوسری بار 1310ھ تیسری اور آخری بار 1406ھ (ستمبر 85)

اعوان شریف میں دربارِ عالیہ حضرت قاضی سلطان محمود غریب نوازؒ (م 1919ء)

دور ہا باید کہ تا یک مردِ حق پیدا شود
بایزید اندر خراسان یا اویس اندر قرن

آپ کی بارگاہ میں حاضری کو علامہ اقبالؒ جیسی شخصیت سعادت دارین گنتے تھے۔

مرتب کتاب ہذا کو بھی اس مقام پر حاضری اور چادر پیش کرنے کا شرف حاصل ہوا

موہری شریف (کھاریاں) حضرت صوفی نواب دین (م 1385ھ)
اور حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے مزارات مبارک

اعلیٰ حضرت قبلہ میاں شیر محمد شرقپوریؒ کا مزار مبارک

خاک پنجاب از دم تو زندہ گشت
صبح ما از مہر تو تابندہ گشت

چلہ گاہ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ

لاہور کے پہلے مبلغ اسلام حافظ سید محمد اسماعیل بخاری محدثؒ کا مزار مبارک

مزار پرانوار سید یعقوب زنجانی المعروف صدر دیوانؒ

مزار مبارک سید میراں حسین زنجانیؒ

مزارِ پرانوار حضرت میاں میر قادریؒ

مزار مبارک حضرت میاں نتھا سرکارؒ

مزار پرانوار حضرت شاہ عنایت قادریؒ

مسجد وزیر خان کے تہہ خانہ میں حضرت شاہ اسحاق گازرونی قادریؒ کا مزار مبارک

مزار مبارک حضرت سید موج دریا بخاریؒ

مزاراتِ مبارکہ حضرت شاہ حسین و حضرت شیخ مادھو قادریؒ

مزارِ مبارک حضرت میاں وڈاؒ

مزار مبارک حضرت شیخ محمد طاہر بندگیؒ

عاشق رسول ﷺ غازی علم دین شہید کا مزار مبارک

مزارِ پُر انوار حضرت شاہ محمد غوث قادریؒ

مزار مبارک حضرت شاہ جمالؒ

مزارِ پُر انوار حضرت سید عزیز الدین المعروف پیر مکیؒ

میں خود بھی نہیں اپنی حقیقت کا شناسا
گہرا ہے بہت میرے خیالات کا پانی

بیرونی منظر مزار مبارک حضرت بلھے شاہؒ

مزار مبارک حضرت بلھے شاہؒ

مسجدِ اولیاء

حجرہ علاؤالدین صابرؒ

بابِ جنت

مزار مبارک حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ

گنج شکرؒ کے پوتے مزار مبارک بدرالدین اسحاق چشتیؒ

25ویں سجادہ نشین

26ویں سجادہ نشین

مزارِ مبارک حضرت محمد سردار احمد قادریؒ

مزارِ مبارک تاجدارِ دارالاحسان ابوانیس
صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ

مزار گوہر بار سلطان العارفین حضرت سلطان باہوؒ

مزاراتِ پر انوار حضرت بہاؤ الدین زکریا ملتانیؒ و حضرت صدر الدین عارفؒ

ملتان چہ عجب کہ دل پذیرے افتادہ است
چوں منزل پیر دستگیر افتادہ است

مزار پرانوار حضرت شاہ رکن عالم

یہ انتہائی خوبصورت اور پر کیف مقام ہے

مزارِ پُر انوار حضرت ابو الحسن موسیٰ پاک شہیدؒ

مزارِ پُر انوار حضرت شاہ یوسف گردیزؒ

مزار مبارک حضرت شہداللہ شہیدؒ

مزارِ مبارک شاہ شمس الدین سبزواریؒ

مزار مبارک حضرت حافظ محمد جمال الدین ملتانیؒ

حافظ محمد جمال ملتانیؒ نے ہی ملتان میں چشتیہ سلسلہ کی بنیاد رکھی۔

مزار مبارک حضرت علامہ مولانا حامد علی خانؒ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بغداد شریف

15 ذی الحجہ 1422ھ

اللہ تبارک وتعالیٰ کی حمد وثنا اور اس کے رسول ﷺ اور آپ ﷺ کی آل واصحاب پر درود و سلام

کتاب "سرزمین انبیاء و اولیاء پر پیغام مبارک"

سرزمین بغداد، جو علم وعلماء، اتقیاء وفقہاء کا گہوارہ ہے، اسی سرزمین سے محترم بھائی اور عزیز افتخار احمد حافظ قادری کو سلام ارسال کرتے ہیں۔

بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے طاہر ومقدس سرزمین عراق کو ابو الانبیاء سیدنا ابراہیم کے لئے منتخب فرمایا، اس میں برکت عطا فرمائی اور خیر کی زمین سے پیدا فرمایا، پھر اسی سرزمین کو اہل بیت اطہار، صحابہ کرام اور اولیائے عظام کا مسکن و مدفن ہونے کا شرف حاصل ہوا۔

کتاب "سرزمین انبیاء و اولیاء" ایک نہایت مبارک اور عظیم کتاب ہے۔ جس کو خادم علم وخادم اولیاء وصالحین افتخار احمد حافظ قادری نے ترتیب دے کر انہیں عظیم شخصیات کے ذکر کو تصاویر کی صورت میں اجاگر کیا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ انہیں اس عظیم کام کا اجر عظیم عطا فرمائے اور مزید کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(اے نبی ﷺ آپ فرمایئے کہ عمل کرتے رہیں پس دیکھے گا اللہ تبارک وتعالیٰ تمہارے عملوں کو اور اس کے رسول ﷺ اور مومنین۔ (القرآن)

آپ کا بھائی
سید صباح سید ابراہیم الحسینی القادری
نقیب
سجادہ نشین وامام وخطیب
درگاہ سیدنا امام ابو یوسف الانصاریؒ
و شیخ سلسلہ رفاعیہ وقادریہ

سرزمین انبیاء و اولیاء
(تصاویر کے آئینے میں)
212 تصاویر کا انمول خزانہ
105

مادہ ہائے تاریخ طباعت کتاب مستطاب

"بلدُ الاولیاء" (زیاراتِ اولیائے پاکستان)

"بلدُالاولیاء، خوشا گلشن" ۱۴۲۳ھ ق

"بلدُالاولیاء، فضا باباغ" ۲۰۰۲ء م

"بلدُالاولیاء مبارک باغ" ۱۳۸۱ھ ش

بلد الاولیائے پاکستان — گلشنِ کبریائے پاکستان
ہر کجا نغمہ ہائے اللہ ھو — عشق شمس الحقِ پاکستان
افکار احمد حق مستتر — حافظ خوش نوائے پاکستان
ہمہ روز و شب طریقِ خدا — قاصدی یادعائے پاکستان
ہر زیارت کہ دیدہ این آنجا — گشتہ عہد و وفائے پاکستان
دوست دارانِ افکار احمد — جلوہ با اولیائے پاکستان
شہر لاہور و جنوب ملتان — جنگی راہنمائے پاکستان
جلوۂ حق پور قصاوری — راہ سلم و صفائے پاکستان
مکھڈ و حج جھنگ و پشاور — شہر گجرات شاہدائے پاکستان
رنگ زیبا و چاپ راماش — مسجد رہ گشائی پاکستان
روشنی دادہ افکار احمد — باغ و درگاہ سرائے پاکستان
اولیاء راہنما برائے ما — بکہ دلربائے پاکستان
بلد الاولیاء مقام مطمئن — کاخ عرش علائے پاکستان
راہنما راہ گشائے بلدہ "رہا" — بلد الاولیائے پاکستان

سرودۂ دکتر محمد حسین تسبیحی "رہا"

مادہ ہائے تاریخ طباعت کتاب مستطاب

"بلد الاولیاء" (زیاراتِ اولیائے پاکستان)

"بیانِ فیضِ عشق" ۱۴۲۳ھ

"اظہار شان و کمال ولایت" ۲۰۰۲ء

اس نے تو تعداد اہل حق کے دیکھے ہیں مزار
افتخار احمد ہے سیاح جہان فیض عشق

صدق دل سے اس نے دیکھا وہ مبارک ہر مقام
ہے جہاں آرام فرما کاروان فیض عشق

ملک سے باہر بھی وہ ایسے مراکز پر گیا
ہے جہاں موجود کوئی آستان فیض عشق

گوشے گوشے میں وطن کے وہ قوی ہمت گیا
ہے جہاں حسن بہار گلستان فیض عشق

نثر سے تحریر اس نے کی ہے یہ دسویں کتاب
کر رہی ہے کام خوب اس کی دکان فیض عشق

اس کا خامہ جذب و ساز آرزو کا نقش گر
بالیقیں اس کی زباں ہے ترجمان فیض عشق

اس میں ہیں احوال زیبا کاملان عشق کے
اس میں ہے مسعود ذکر صاحبان فیض عشق

خوبصورت اس میں تصویریں بھی شامل اس نے کیں
مرحبا موج نسیم گل فشان فیض عشق

اس کا ہر باب آئینہ ہے اہتمام فکر کا
اس کا ہر صفحہ ہے دل آرا نشان فیض عشق

یہ کتاب خوب ہے طارق بہ افتخار ذکر
کیف عقل و ذوق پرور داستان فیض عشق

افتخار احمد کا ہے یہ کارنامہ خوب تر
اس کی ہے مسعود بزم طالبان فیض عشق

مجھ سے ہاتف نے یہ از صد لطف و کرم طارق کہا
سال ہے اس کی طباعت کا "بیان فیض عشق"
۱۴۲۳ھ

نتیجہ فکر: محمد عبدالقیوم طارق سلطانپوری

زیاراتِ مقدسہ
شام
افتخار احمد حافظ
عراق
ایران
پاکستان
ترکی

زیاراتِ مقدسہ
ایران، افغانستان اور پاکستان
میں زیارات مقدسہ کا سفرنامہ

دیارِ حبیب
افتخار احمد حافظ قادری
110

مدینہ منورۃ

یکم محرم الحرام 1422ہجری

ترجمه

اللہ تبارک وتعالیٰ کی حمد وثنا اور نبی پاک ﷺ، آپ ﷺ کی آل اور اصحابؓ پر درود وسلام کے بعد کتاب "**دیار حبیب ﷺ**" "**مدینہ منورہ کے متبرک اور تاریخی مقامات**" تالیف محبّ و مخلص **افتخار احمد حافظ القادری**، جن پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنا خصوصی کرم اور ذوق محبت عطا فرمایا، اس کتاب کو نہایت محنت، صحیح تحقیق، اصل مراجع و ماخذ، علمی اسلوب اور پھر آثار نبوی ﷺ کی تصاویر سے مزین کیا۔ جس سے یہ کتاب ہر اس محبت کرنے والے شخص کیلئے جو آثار نبوی ﷺ کا مطالعہ کرنا چاہتا ہے اس کیلئے ایک بہترین حوالہ بن گئی ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ان کو بہتر اجر اور اُن کی اِس کوشش میں برکت عطا فرمائے، ان کے عمل اور علم میں نفع فرمائے۔

بے شک ذات باری قریب اور سننے والی ہے

وصلی اللہ علی سیدنا محمد ﷺ وآلہ وسلم

الفقیر الی اللہ تعالی

السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمهودی

مدینہ منورۃ

افتخار احمد حافظ قادری کی کُتب کا مختصر تعارف

نام کتاب	تعداد صفحات	B/W تصاویر	رنگین تصاویر
1- زیارات مقدسہ	248	7	88
2- سفر ایران و افغانستان	296	28	61
3- زیارت حبیب ﷺ	68	4	2
4- ارشادات مُرشد	184	25	17
5- خزائنہ دُرود و سلام	64	—	2
6- دیار حبیب ﷺ	300	51	60
7- گلدستہ قصائد مبارکہ	96	10	1
8- قصائد غوثیہ	48	—	5
9- سرزمین انبیاء و اولیاء	112 (آرٹ پیپر)	—	212
10- بلدالاولیاء	112 (آرٹ پیپر)	—	212

یا اللہ
یا محمد
رکن عالم قطب عالم پور غوث العالمین
حامی دیں دستگیر و رہنمائے کاملین